نقد و نظر

مسلم ریویو | ایڈیٹر سید عابد حسین صاحب نقوی۔ بی اے بی ایل۔ قیمت سالانہ صہ (۳ روپے)۔ طلبہ سے

ملنے کا پتہ۔ ۱۶ کیننگ اسٹریٹ لکھنؤ۔

زمانہ حال میں نہ صرف غیر مسلموں بلکہ جدید تعلیم یافتہ مسلمانوں کو بھی اسلام کی تعلیمات اور اس کی تہذیب و تاریخ کے صحیح خد و خال سے روشناس کرانے کے لئے ضروری ہے کہ انگریزی زبان میں اعلیٰ درجہ کے رسالے شائع کئے جائیں، اور ان میں ایسے لوگ مضامین لکھیں جو علوم جدیدہ کے ساتھ اسلامی علوم پر صحیح نظر رکھتے ہوں اور اس کے ساتھ فریقانہ تنگ نظری سے آزاد بھی ہوں مدرسۃ الواعظین لکھنؤ کی جانب سے "مسلم ریویو" اسی ضرورت کو پورا کرنے کے لئے جاری ہوا ہے اور اس کے گذشتہ چند پرچوں کو دیکھ کر ہم مطمئن ہیں کہ اس نے اپنے فرض کے احساس اور اس کی بجاآوری میں کوتاہی نہیں کی ہے۔ اگرچہ ابھی مضامین کا معیار اور زیادہ بلند کیا جا سکتا ہے۔ اور تحقیق و تبیین کے اعلیٰ مدارج تک ترقی کرنے کی ابھی بہت کچھ ضرورت ہے لیکن اس کمی کی ذمہ داری ایڈیٹر اور منتظمین پر نہیں بلکہ ملک کے ان اعلیٰ تعلیم یافتہ مسلمانوں پر ہے جو ان کا ہاتھ بٹانے کی طرف توجہ نہیں کرتے۔ امید ہے کہ انگریزی تعلیم یافتہ مسلمان اس مفید رسالے کو ترقی دینے کی کوشش کرینگے۔

اسرار تصوف | ایڈیٹر ملک چنن الدین صاحب۔ قیمت سالانہ ۳ روپے۔ مقام اشاعت نقشبندیہ منزل کشمیری بازار۔ لاہور۔

ملک صاحب اردو میں تصوف پر بہت سی کتابیں شائع کر چکے ہیں۔ کچھ عرصہ پہلے انہوں نے اس نام سے ایک ماہانہ رسالہ بھی شائع کرنا شروع کیا تھا۔ پھر بند ہو گیا۔ اب گذشتہ ماہ اکتوبر سے دوبارہ جاری ہوا ہے۔ اس میں تصوف کی بعض مستند کتابوں کے مسلسل ترجمے درج کئے جاتے ہیں۔ ہر پرچہ میں

مشائخ نقشبندیہ کے تذکرے بھی ہوتے ہیں۔ اور بعض مسائل تصوف پر مستقل مضامین بھی لکھے جاتے ہیں۔ مگر رسالہ کی ترتیب مضامین کے انتخاب اور انداز تحریر میں قدامت بہت ہے۔ زمانہ کی ضروریات اور حالات کے تغیر کا لحاظ کئے بغیر جو کام کیا جائیگا، کامیاب نہ ہوگا۔ ہمارا مقصد یہ نہیں ہے کہ۔ انگریزی میں تھیاسوفی اور اسپریچول ازم وغیرہ پر جو رسالے شایع ہوتے ہیں ان کی نقل کی جائے بلکہ مقصد صرف یہ ہے کہ اسی پرانی شراب کو نئے گلاسوں میں پیش کیا جائے تاکہ ان گلاسوں کی لاگ سے طبائع اس شراب کو بطیب خاطر قبول کرائیں۔

ہمدرد صحت | ایڈیٹر حکیم حاجی عبد الحمید صاحب۔ حجم چالیس صفحات۔ قیمت عہ۔

ملنے کا پتہ۔ ہمدرد منزل۔ بازار لال کنواں دہلی۔

یہ ایک ماہوار طبی رسالہ ہے جو ہمدرد دواخانہ' دہلی کے زیر اہتمام چند سال سے نکلنا شروع ہوا ہے۔ محنت سے مرتب کیا جاتا ہے۔ اتبک جتنے پرچے شائع ہوئے ہیں مفید مضامین پر مشتمل ہیں عوام کو حفظان صحت کے متعلق ضروری معلومات بہم پہنچانے کے لئے یہ ایک اچھا ذریعہ ہے۔

الاسلام | اڈیٹر جناب سید نذیر الحق صاحب قادری۔ حجم ۴۸ صفحات۔ قیمت سالانہ دو روپے دفتر الاسلام' چک ۳۴، جھنگ برانچ' ضلع لائل پور۔

مذہبی اور تبلیغی رسالہ ہے ماہ اکتوبر ۳۴ء سے جاری ہوا ہے مضامین دلچسپ اور مفید ہیں جن مقاصد کا اظہار کیا گیا ہے اگر ان مین کامیابی ہوگئی تو رسالہ بہت اچھا ہو جائے گا۔

الدین | اڈیٹر جناب علی مہدی صاحب ایم اے۔ حجم ۳۲ صفحات قیمت سالانہ ؏۔

پتہ:۔ مدرسہ ایمانیہ ناصریہ' جونپور۔ یہ حضرات شیعہ کا رسالہ ہے۔ محنت سے مرتب کیا جاتا ہے۔ مضامین کے سوئی دو مستقل مذہبی کتابوں (الشافی فی شرح اصول الکافی اور ذخیرۃ العقبیٰ) کا ترجمہ بھی باقساط شریک اشاعت ہوتا ہے